پیشنٹس فرسٹ

اونٹاریو میں مریضوں پر مرکوز نگہداشت صحت کو مضبوط بنانے کے لیے ایک تجویز

بحث مباحثہ کی دستاویزات

17 دسمبر 2015

Ontario

انتظامی خلاصہ

مریضوں کو ترجیح دینا

اونٹاریو ایک ایسا نگہداشت صحت کا نظام بنانے کے لیے پر عزم ہے جہاں پر مریضوں کو ترجیح دی جائے۔ پچھلے 10 سال کے دوران، صوبے نے بنیادی نگہداشت تک رسائی میں بہتری لائی، گھر پر موجود لوگوں کو زیادہ نگہداشت فراہم کی، ہسپتالوں میں انتظار کے وقت کو کم کیا، صحت کے فروغ کے پروگراموں میں سرمایہ خرچ کیا اور نظام کو مزید بلا تفریق اور قابل اعتبار بنایا ہے۔

نگہداشت میں موجود کوتاہیاں

اونٹاریو کے رہائشیوں بشمول مریضوں، نگہداشت صحت کے فراہم کنندگان اور نظام کے ماہرین نے ہمارے نگہداشت صحت کے نظام میں موجود چیلنجوں کی شناخت کی ہے۔

- اونٹاریو کے کچھ رہائشیوں –خصوصا آبائی لوگوں، فرانسیسی پس منظر کے حام لوگوں، ثقافتی گروہوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں (خصوصا نئے آنے والے لوگ) اور ایسے لوگ جنہیں دماغی صحت اور نشے جیسے چیلنجوں کا سامنا ہے – کو نگہداشت صحت کے نظام کی جانب سے ہمیشہ اچھی خدمت نہیں ملتی۔
- اگرچہ اونٹاریو کے زیادہ تر رہائشیوں کو بنیادی نگہداشت کا فراہم کنندہ دستیاب ہے، کئی لوگ اس بات کی اطلاع دیتے ہیں کہ وہ اس وقت نگہداشت کنندہ کے حصول میں ناکام ہوتے جب انہیں اس کی ضرورت ہوتی ہے، خصوصا شام، رات اور ہفتے کے اختتام پر – لہذا وہ ہنگامی محکموں اور فوری علاج کے کلینکوں میں جاتے ہیں۔
- کچھ خاندانوں کو گھر اور کمیونٹی کی نگہداشت کی خدمات غیر مستقل اور حاصل کرنا مشکل لگتی ہیں اور خاندانوں کو نگہداشت کے اکثر فراہم کنندگان کو زیادہ درجے کے تناؤ کا سامنا رہتا ہے۔
- عوامی صحت کی خدمات بقیہ نگہداشت صحے کے نظام سے غیر مربوط شدہ ہیں اور عوامی صحت کے نتائج اس صحت کے نظام کی منصوبہ بندی کا مستقل حصہ نہیں ہیں۔
- صحت کی خدمات کو اس طریقے سے تقسیم کیا جاتا ہے جس میں ان کی منصوبہ بندی اور فراہمی کی جاتی ہے۔ یہ تقسیم مریض کے تجربے کو متاثر کرنے کا سبب بن سکتی ہے۔ یہ مریض اور فراہم کنندہ کے وقت اور وسائل کے عدم استعمال اور صحت کے غیر تسلی بخش نتائج کا سبب بن سکتا ہے۔

ان میں سے کئی چیلنج نگہداشت صحت کے نظاموں کی منصوبہ بندی اور انتظام کے طریقے مختلف ہونے کی وجہ سے سامنے آتے ہیں۔ جہاں مقامی ہسپتال، طویل مدتی نگہداشتیں، کمیونٹی کی خدمات اور دماغی صحت اور نشہ کے متعلق خدمات کی منصوبہ بندی صوبے کی 14 لوکل ہیلتھ انٹیگریشن نیٹ ورک (ایل ایچ آئی اینز) کرتا ہے، وہیں بنادی نگہداشت گھر اور کمیونٹی میں نگہداشت کی خدمات کی منصوبہ بندی مختلف اداروں کی جانب سے علیحدہ طریقوں سے کی جاتی ہیں۔ ان مختلف ساختوں کی وجہ سے ایل ایچ آئی اینز اپنی کمیونٹیوں میں صحت کی خدمات کو یکساں بنانے اور ان کے انضمام میں قاصر ہیں۔

اونٹاریو میں مریضوں پر مرکوز نگہداشت صحت کو مضبوط بنانے کے لیے ایک تجویز

کوتائیوں کو کم کرنے اور مریضوں پر مرکوز نگہداشت کو مضبوط بنانے کے لیے، وزارت صحت و طویل مدتی نگہداشت، لوکل ہیلتھ انٹیگریشن نیٹ ورکس کے کردار کو وسیع کرنے کی تجویز دے رہی ہے۔ پیشنٹس فرسٹ: اونٹاریو میں مریضوں پر مرکوز نگہداشت صحت کو مضبوط بنانے کے لیے، وزارت نے چاروں اجزاء کے بارے میں مزید تفصیلات فراہم کی ہیں:

1. خدمات کا مزید مؤثر انضمام اور زیادہ غیر جانب داری۔

نگہداشت کو زیادہ منضمم اور مقامی ضروریات پر پورا اترنے والا بنانے کے لیے، ایل ایچ آئی اینز کو صحت کی تمام خدمات کی منصوبہ بندی اور کارکردگی کے لیے ذمہ دار اور قابل اعتبار بنانا۔

چھوٹے ذیلی علاقوں کی ایل ایچ آئی این کو ایک حصے کے طور پر شناخت کرنا، تاکہ وہ بھی مقامی منصوبہ بندی اور خدمات کے انتظام اور فراہمی کے عمل میں توجہ کا مرکز بن سکیں۔

اپنے وسیع شدہ کردار کے تحت، ایل ایچ آئی اینز اعلی معیاری اور مستقل نگہداشت تک رسائی اور نظام میں خدمات کے حصول کو – اونٹاریو کے تمام باسیوں کے لیے، آسان بنانے کے لیے نگہداشت کی تمام اقسام کے فراہم کنندگان کے ساتھ کام کرنے کے ذمہ دار ہوں گے۔ ایل ایچ این کے ذیلی علاقے گھر اور کمیونٹی میں نگہداشت میں بنیادی نگہداشت کے انضمام کے لیے ایک رہنماء کردار کے حامل ہوں گے۔

2. بنیادی نگہداشت تک بر وقت رسائی اور بنیادی نگہداشت اور دیگر خدمات میں بے خلل رابطے۔

بنیادی نگہداشت کی منصوبہ بندی اور نگرانی کو ان کمیونٹیوں کے قریب لانا جہاں وہ فراہم کی جاتی ہیں۔ ایل ایچ آئی اینز، مقامی کلینیکل لیڈرز کے ساتھ مل کر بنیادی نگہداشت کی منصوبہ بندی اور کارکردگی کا انتظام سنبھالنے کی ذمہ داری لیں گے۔

ایل ایچ آئی اینز بنیادی نگہداشت کے فراہم کنندگان کے ساتھ مل کر ان لوگوں کے لیے خدمات کی منصوبہ بندی کریں گے، صحت کے انسانی وسائل کی منصوبہ بندی پر کام کریں گے، انٹر پروفیشنل ٹیموں تک رسائی کو بہتر بنائیں گے، جنہیں اس کی سب سے زیادہ ضرورت ہے اور مریضوں کو بنیادی نگہداشت کی خدمات سے جوڑیں گے۔

3. گھر اور کمیونٹی کے لیے زیادہ مستقل اور قابل رسائی نگہداشت۔

گھر اور کمیونٹی میں نگہداشت کے قابل اعتبار ہونے اور ضم کرنے کے عمل کو مضبوط بنانا۔ کمیونٹی کیئر ایکسیس سنٹرز (سی سی اے سیز) سے خدمات کے انتظام اور فراہمی کی براہ راست ذمہ داریوں کی ایل ایچ ائی اینز تک منتقلی۔

اس تبدیلی کے ساتھ، ایل ایچ آئی اینز گھروں اور کمیونٹیوں میں نگہداشت کی فراہمی کو چلائے گی اور منظم کرے گی اور سی سی اے سی بورڈز کی موجودگی ختم ہو جائے گی۔ سی سی اے سی ملازمین کی جانب سے کلائنٹس کو فراہم کی جانے والی معاونت کو ایل ایچ آئی اینز کو دے دیا جائے گا اور گھریلو نگہداشت کی خدمات، خدمات کے موجودہ فراہم کنندگان کی جانب سے مہیا کی جائیں گی۔ اس منتقلی کی وجہ سے گھریلو اور کمیونٹی نگہداشت کو دیگر اقسام کی خدمات کے ساتھ ضم کرنے میں مدد ملے گی۔ مثال کے طور پر ہوم کیئر کوآرڈینیٹروں کو کمیونٹی کی ترتیبات مثلا کمیونٹی ہیلتھ سنٹرز، فیملی ہیلتھ ٹیموں اور ہسپتالوں میں لگایا جائے جا سکے گا۔

4. آبادی اور پبلک ہیلتھ و صحت کی دیگر سروسز کے درمیان مضبوط راوبط۔

مقامی آبادی اور پبلک ہیلتھ پلاننگ کو دیگر سروسز کے ساتھ ضم کرنا۔ ایل ایچ آئی اینز اور پبلک ہیلتھ یونٹس کے درمیان روابط کو باضابطہ بنانا۔

ہیلتھ سروسز کی منصوبہ بندی کے لیے، ہر پبلک ہیلتھ یونٹ کا میڈیکل آفیسر آف ہیلتھ ایل آئی ایچ اینز کے ساتھ مل کر مربوط طور پر کام کرے گا۔ پبلک ہیلتھ یونٹس کے ساتھ ہونے والے احتساب کے معاہدوں کے حوالے سے ایل ایچ آئی اینز ذمہ داری قبول کریں گے اور وزارت کی جانب سے پبلک ہیلتھ یونٹس کی فنڈنگ ایل ایچ آئی اینز کے پاس منتقل ہو جائے گی۔ صحت کے لوکل بورڈز صحت کا بجٹ متعین کرنے کا کام جاری رکھیں گے اور پبلک ہیلتھ سروسز کو میونسپل سطح پر منتظم کیا جائے گا۔

مندرجہ بالا چار تبدیلیوں کی وجہ سے معیارات قائم کرنے اور اہداف کے حصول کے حوالے سے وزارت ایک مضبوط کردار ادا کرے گی، جس کی بناء پر پورے صوبے میں یکساں خدمات کی فراہمی یقینی بن جائے گی۔ ایل ایچ آئی اینز کارکردگی کے انتظام اور معیار و کارکردگی پر رپورٹیں بنانے کے حوالے سے ذمہ دار ہوں گے، جن کو عوام اور فراہم کنندگان کو دکھایا جائے گا۔

ایک اگلا راستہ

پیشنٹس فرسٹ میں: اونٹاریوں میں مریضوں پر مرکوز نگہداشت صحت کو مضبوط بنانے کے لیے ایک تجویز کے ساتھ، وزارت عوامی فراہم کنندگان کو تجویز پر بحث مباحثہ کرنے کے لیے کہے گی۔ مجوزہ سوچ کو کامیابی کے ساتھ عملی جامہ پہنانے کے حوالے سے، وزارت کے پاس کافی تعداد میں ایسے سوالات موجود ہیں جن کے جوابات حاصل کرنا ابھی باقی ہیں۔ پوری دستاویز پر بحث مباحثہ کے لیے کئی سوالات موجود ہیں۔ وزارت آپ کی بات سننے کا عزم رکھتی ہے۔ آپ کو مدعو کیا جاتا ہے کہ آپ www.health.gov.on.ca/en/news/bulletin پر جا کر پوری دستاویز ملاحظہ کریں اور health.feedback@ontario.ca پر اپنے سوالات یا جوابی آراء سے مطلع کریں۔

وزارت، بحث مباحثہ کے عمل کو جاری رکھنے کی منتظر ہے... اور ایک اعلی کارکردگی کے حصول، بہتر طور پر مربوط، زیادہ منظم اور مریض پر مرکوز نظامِ صحت کے حصول کی متمنی ہے۔

Urdu. Catalogue no. 020387 ISBN no. 978-1-4606-7184-9 (PDF) December 2015 © Queen's Printer for Ontario 2015